# 08-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔کشن ریڈی نے کہا تلنگانہ میں بی جے پی کی حکومت بننے کے بعد سنگارینی ملازمین کو انکم ٹیکس سے چھوٹ دی جائے گی۔

۲۔تلنگانہ میں عوامی حکومت فلاحی کاموں پر ترجیح دے رہی ہے اورعوام کے مفاد میں کام کررہی ہے۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ کا بیان۔

۳۔ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے خبردار کیا ہے کہ بی آر ایس حکومت کے دور میں سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

اور

۴۔وستانی کرکٹ ٹیم نے افغانستان کے خلاف واحد ٹسٹ میچ میں 300 رنز کے بڑے فرق سے کامیابی حاصل کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا۔

G. Kishan Reddy

نئے بھارت کی تعمیر میں محکمہ کانکنی کا اہم رول ہے۔اس پر وزیراعظم نریندر مودی ہر ہفتہ جائزہ اجلاس منعقد کرتے ہیں۔محکمہ کانکنی کے وزیر کشن ریڈی نے یہ بات کہی۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پچھلی کانگریس حکومت میں محکمہ کانکنی میں بڑے پیمانہ پر بدعنوانی پیش آئی ہے۔این ڈی اے حکومت آنے کے بعد محکمہ میں شفافیت لائی گئی۔انہوں نے کہا کہ فی الحال ہندوستان میں 189 ملین ٹن کوئلہ کا ذخیرہ ہے۔ دیگر ممالک سے کوئلہ کی درآمدات کو کم کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ انڈرگراونڈ کول گیاسیفکیشن پر اس ماہ کی 11

تاریخ کو پرائیوٹ کمپنیوں کے ساتھ بات چیت کی جائے گی۔کشن ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ تحریک کے دوران سنگارینی کے ملازمین نے بھی اہم رول ادا کیا ہے۔تلنگانہ میں بی جے پی کی حکومت بننے کے بعد سنگارینی ملازمین کوانکم ٹیکس سے چھوٹ دی جائے گی۔

Fertilizer App

کسانوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ریاستی حکومت نے فرٹیلائزر ایپ کا آغاز کیا ہے جس کی ملک بھر میں ستائش کی جارہی ہے۔ریاستی وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے یہ بات کہی۔انہوں نے کہا کہ کھاد کی سپلائی میں شفافیت برتی جارہی ہے اور ایپ کے ذریعہ تمام کسانوں کو بہتر اور وافر مقدار میں کھاد سپلائی کی جارہا ہے۔کسانوں کی ضروریات کے مطابق حکومت کی جانب سے کھاد سپلائی کیا جارہا ہے۔ریاستی حکومت کی جانب سے شروع کردہ یہ ایپ دیگر ریاستوں کیلئے بھی ایک مثال بن گیا ہے۔وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا کہ تلنگانہ میں فرٹیلائزر ایپ کی کامیابی کے بعد دیگر ریاستوں میں بھی اسی طرح کے اقدامات کئے جارہے ہیں اور مرکزی حکومت نے بھی تلنگانہ حکومت کے اقدام کی ستائش کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کھاد کی سپلائی میں ہونے والی بدعنوانیوں پر روک لگ گئی ہے۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے خبردار کیا ہے کہ بی آر ایس حکومت کے دور میں سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد میں ہاؤسنگ بورڈ کے لینڈ ایکوزیشن آفیسر کے طور پر کام کرنے والے راموناتک نے ہائی کورٹ کے گیٹوں کے درمیان واقع کروڑوں روپے مالیت کی سرکاری زمین کو مبینہ طور پر

صبیہ سلطانہ نامی خاتون کے نام غیر قانونی طور پر رجسٹر کیا تھا۔تحقیقات میں یہ معاملہ ثابت ہونے پر انہیں معطل کر دیا گیا ہے۔ وزیر نے کہا کہ بغیر کسی اجازت کے رجسٹری کرنے والے اُس وقت کے سب رجسٹرار اور مذکورہ زمین کو 2025 میں ایک اور شخص کو فروخت کئے جانے کے معاملہ پر بھی حکومتی تحقیقات کا حکم دیا گیا ہے۔

Bhatti Vikramarka

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامار کہ نے کہا ہے کہ عوامی حکومت ریاست میں ایک فلاحی ریاست کے قیام کے لئے پرعزم ہے۔لوئر ٹینک بند کے مقام پر 110 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے بابا صاحب امبیڈکر نالج سنٹر اور نمبولی اڈہ میں 25 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے ایس سی ہاسٹل کی جگہوں کا معائنہ کرنے کے بعد انہوں نے میڈیا سے گفتگو کی۔انہوں نے بتایا کہ دونوں منصوبوں کے لئے مالی اور انتظامی منظوری پہلے ہی دی جا چکی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ یہ جدید عمارتیں ہزاروں طلبہ کے علمی فروغ کے لئے جدید علمی مراکز ثابت ہوں گی۔انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کے بے روزگار نوجوانوں کو کوچنگ سے متعلق مشکلات سے مستقل نجات دلانا عوامی حکومت کا مضبوط عزم ہے۔

Desk

Nalgonda Collector

بی چندر شیکھر ضلع نلگونڈہ کے کلکٹر نے ریاستی چیف سیکریٹری راما کرشنا راؤ کو بتایا کہ میریال گوڑہ میونسپلٹی میں پائلٹ پروجیکٹ کے طور پر شروع کیا گیا نقشہ سروے جولائی کے آخر تک مکمل کر لیا جائے گا۔آج منعقدہ ویڈیو کانفرنس کے دوران انہوں نے سروے کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

کلکٹر کے مطابق سروے کے لئے 32 وارڈس میں 25 ہزار جائیدادوں کی نشاندہی کی گئی ہے جن میں سے اب تک 37 فیصد سروے مکمل ہو چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس عمل کو تیز کرنے کے لئے لائسنس یافتہ سروئیرز سمیت مجموعی طور پر 14 ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔

PTC, Nalgonda

LPG Protest

این ڈی اے کی قیادت والی بی جے پی حکومت کے طریقہ کار پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے ضلع کریم نگر میں کانگریس پارٹی کی قیادت میں احتجاج کیا گیا۔کانگریس کارکنوں نے ایل پی جی کی قیمتوں میں ہو رہے اضافہ کو لے کر بی جے پی حکومت کو نشانہ بنایا۔تلنگانہ چوک پر بڑے پیمانہ پر احتجاج کیا گیا۔احتجاجی کانگریس لیڈروں نے ایل پی جی کی اضافی شدہ قیمتوں کو واپس لینے کا مطالبہ کیا۔اس احتجاج میں ضلع کانگریس کمیٹی صدر، اراکین اسمبلی اور کانگریس لیڈروں کے علاوہ بڑی تعداد میں کانگریس کارکنوں نے شرکت کی۔

PTC Karimnagar

Nizamabad Collector

ضلع نظام آباد کے کلکٹر ایلا تریپاٹھی نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ عوامی شکایات کے ازالہ کے پروگرام پرجاوانی کو انتہائی اہمیت دیتے ہوئے موصول ہونے والی درخواستوں کو فوری طور پر حل کیا جائے۔کلکٹریٹ میں آج منعقدہ پرجاوانی پروگرام میں 146 شکایات موصول ہوئیں۔ مختلف علاقوں سے آئے ہوئے درخواست گزاروں نے اپنی مشکلات سے متعلق درخواستیں حکام کے حوالے کیں۔کلکٹر نے تاکید کی کہ شکایات کو زیر التوا نہ رکھا جائے بلکہ ان کا مسلسل

جائزہ لے کر جلد از جلد حل یقینی بنایا جائے۔

PTC - Nizamabad

Thummala

ریاستی وزیر زراعت تو ملا نا گیشور راؤ نے کہا ہے کہ دیہی ترقیاتی کاموں کو آئندہ نسلوں کے مفاد کے پیش نظر اعلیٰ ترین معیار کے ساتھ مکمل کیا جانا چاہیئے۔ ضلع کھمم کے وی وی پالم گاؤں میں سوڈا فنڈس سے ایک کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی سی سی روڈ اور نکاسی آب کے منصوبوں کا آج انہوں نے سنگ بنیاد رکھا۔ بعد ازاں 30 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر شدہ ویٹرنری ہاسپٹل کی عمارت کا افتتاح بھی کیا۔ اس موقع پر وزیر نے عوام سے اپیل کی کہ جس طرح اپنے گھروں کے اطراف صفائی کا خیال رکھتے ہیں اسی طرح دیہات کو بھی صاف ستھرا رکھیں۔ انہوں نے ضلع ویٹرنری ہاسپٹل کی ترقی کے لئے ضروری فنڈز فراہم کرنے کا یقین دلایا اور سرکاری اراضی کا جامع سروے کر کے غریبوں کو رہائشی پلاٹ فراہم کرنے کے لئے موزوں زمین کی نشاندہی کرنے کی ہدایت دی۔

PTC - Khammam

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے نئے تعلیمی سال کے 15 جون سے آغاز کے پیش نظر حکام کو ہدایت دی ہے کہ طلبہ کو معیاری تعلیم اور غذائیت سے بھرپور خوراک فراہم کی جائے۔ حیدرآباد سے منعقدہ سیل کانفرنس میں ملگو ضلع کلکٹر ہیمنت سہا دیو راؤ اور دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ وزیر نے کہا کہ اسکولوں اور ہاسٹلوں میں حفاظتی اور صحت کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ خصوصاً

برسات کے موسم کے پیش نظر تعلیمی اداروں کی عمارتوں، بیت الخلاؤں اور پینے کے پانی کے ٹینکوں کی صفائی کو یقینی بنایا جائے اور مچھروں کی روک تھام کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

Damodara

وزیر صحت داموودھر راج نرسمہا نے ہدایت دی ہے کہ ایبولا سے متاثرہ ممالک یوگانڈا، کانگو آف ریپبلک ڈیموکریٹک اور سوڈان ساؤتھ سے آنے والے مسافر اگر غلط معلومات فراہم کریں تو ان کے خلاف مقدمات درج کئے جائیں۔ ایبولا سے متعلق احتیاطی اقدامات کے جائزہ اجلاس میں وزیر نے بعض مسافروں کے فراہم کردہ پتوں پر موجود نہ ہونے پر ناراضی کا اظہار کیا۔ انہوں نے حکام کو ہدایت دی کہ راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ پر ہی مسافروں کو واضح طور پر آگاہ کیا جائے کہ معلومات چھپانے یا غلط معلومات دینے کی صورت میں قانونی کارروائی کی جائے گی۔

Cricket

ہندوستانی کرکٹ ٹیم نے افغانستان کے خلاف واحد ٹسٹ میچ میں 300 رنز کے بڑے فرق سے کامیابی حاصل کر کے نیا ریکارڈ قائم کیا۔ یہ ٹسٹ کرکٹ کی تاریخ میں ہندوستان کی سب سے بڑی فتح قرار دی جارہی ہے۔ ہندوستان نے پہلی اننگز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 564 رنز بنائے جبکہ افغانستان کرکٹ ٹیم ہندوستانی باؤلنگ کے سامنے دونوں اننگز میں بالترتیب 152 اور 112 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ ہندوستان کے ڈیبیو اسپنر مانوسُتھار نے پہلی اننگز میں 6 وکٹیں حاصل کیں جبکہ واشنگٹن سندر اور کلدیپ یادو نے اہم وکٹیں لے کر ٹیم کی کامیابی میں نمایاں کردار ادا کیا۔

NSD

## Search Operation

حیدرآباد ایچ فاسٹ پولیس کی جانب سے بڑے پیانہ پر سرچ آپریشن منعقد کیا گیا۔ واضح رہے کہ آندھراپردیش کو غیرقانونی طور پر منتقل کئے جارہے 120 ٹن چکن کے فضلہ سے لدے 9 ٹرکوں کوسیس کردیا گیا۔ واضح رہے کہ اصول وضوابط کے مطابق چکن کا فضلہ پلانٹ کومنتقل کرنا تھا جبکہ یہ چکن کے فضلہ کوگنٹور بھیماورم کے تالابوں میں پھیکا جارہا ہے اور مچھلیوں کی افزائش میں اس کا استعمال ہورہا ہے۔ جس کی وجہ سے مچھلیوں کی صحت بگڑتی جارہی ہے۔ پولیس کے اعلیٰ عہدیداروں نے ملزمین پرکیس درج کرتے ہوئے تحقیقات کا آغاز کیا۔

## SSC Exam

تلنگانہ میں دسویں جماعت کے اڈوانسڈ سپلیمنٹری امتحان کا آج حساب کا پیپر پرامن طریقہ سے اختتام ہوا۔ اس امتحان میں 14 ہزار 278 طلبہ نے شرکت کی جبکہ 2 ہزار 915 طلبہ غیرحاضر رہے۔ ریاست بھرمیں امتحانی مراکز پر 434 فلائنگ اسکواڈ کوتعینات کیا گیا ہے۔ مال پراکٹس پیپرلیک جیسے مسائل سے نمٹنے کیلئے حکومت کی جانب سے کڑے اور پختہ انتظامات کئے گئے ہیں۔ محکمہ تعلیم کے ڈائرکٹر نے یہ بات کہی۔

## Lok Adalat

محبوب نگر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پریمالتا نے کہا کہ انصاف کا راستہ ہی صحیح راستہ ہے۔ ڈسٹرکٹ کورٹ کے احاطہ میں منعقدہ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے یہ بات کہی۔ مجسٹریٹ پریما لتا نے کہا کہ اس ماہ کی 20 تاریخ کوقومی لوک عدالت کا اہتمام کیا جارہا ہے جس کے تحت ضلع بھر میں 9 خصوصی بنچ قائم کئے جارہے ہیں۔ لوک عدالت کے قیام کا مقصد کیسوں کو جلد اور آپسی

رضامندی سے حل کرنا ہے تاکہ لوگوں کو کم وقت میں بنا کسی خرچ کے انصاف مل سکے۔

Sound Byte : Premalata

❍❍